## ملک کی بقاءاوراتحاد ویکجہتی کیلئے فوری طور پرتمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کی گول میز کانفرنس منعقدکی جائے۔الطاف حسین

### پورا ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے،سرحدوں پرخطرات منڈلا رہے ہیں،

### بھارت،افغانستان،ایران اور چائنا سے دوستانہ تعلقات نظر نہیں آتے،امریکہ کا اعتماد بھی پاکستان پرختم ہوچکا ہے

### وقت کا تقاضہ ہے کہ نوازشریف کو بھی ساتھ لیا جائے،نوازشریف بھی اس نازک وقت میں حکومت کا ساتھ دیں

### وقت آ گیا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی کی وباء کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح متحد ہوجائے

### رابطہ کمیٹی،ارکان پارلیمنٹ،صوبائی وزراء،ارکان سندھ اسمبلی اور تنظیمی شعبوں کے ذمہ داروں کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔6 اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت سے کہا ہے کہ ملک کی بقاءاوراتحاد ویکجہتی کیلئے فوری طور پرتمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کی گول میز کانفرنس منعقد کی جائے اورملک کوخطرات سے نکالنے اوردرپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں سے رائے لی جائے۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں پاکستان سے آنے والے اراکین رابطہ کمیٹی،حق پرست ارکان پارلیمنٹ،حق پرست صوبائی وزراء،ارکان سندھ اسمبلی اورایم کیوایم کے مختلف تنظیمی شعبوں کے ذمہ داروں نے شرکت کی۔اجلاس سے اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اس وقت انتہائی نازک دور سے گزررہا ہے،پوراملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اور سرحدوں پرخطرات منڈلا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سرحدوں کی بہترصورتحال کا انحصار پڑوسی ممالک سے بہتر تعلقات پر ہوتا ہے اور بدقسمتی سے پاکستان کے اپنے ہمسایہ ممالک بھارت،افغانستان،ایران اور چائنا سے دوستانہ تعلقات نظر نہیں آتے۔کہا جاتا ہے کہ چین سے دوستی ہمالیہ سے بھی بلند ہے لیکن چائنا کی حکومت کو بھی اپنے مسلم اکثریتی صوبے سنکیانگ اوردیگرعلاقوں میں بیرونی مداخلت پرشدیداعتراضات ہیں جس کی وجہ سے تعلقات میں بداعتمادی آ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ سرد جنگ کے زمانے میں سپرپاورسوویت یونین کو کمزورکرنے کیلئے پاکستان کی فوج،انٹیلی جنس ایجنسیز اورسیاسی جماعتوں خصوصاً مذہبی جماعتوں نے اس طرح ساتھ دیا جیسے سوویت یونین کا قبضہ افغانستان پرنہیں بلکہ پاکستان پر ہو،سوویت یونین ٹوٹ جانے کی وجہ سے رشیا کو پاکستان پر آج تک بہت غصہ ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان برسوں سے امریکہ سے اپنے تعلقات پراعتماد کرتا آیا ہے لیکن آج امریکہ کا اعتماد بھی پاکستان پرختم ہوچکا ہے،بداعتمادی بہت بڑھ گئی ہے جس کی وجہ سے صورتحال انتہائی نازک ہوچکی ہے،پاکستان کے علاقوں پر حملے ہورہے ہیں،ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اوراس تمام صورتحال کی وجہ سے پاکستان آج جاں کنی کے عالم میں ہے۔انہوں نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں اصولی طور پرتمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کوایک ساتھ ہونا چاہیے۔انہوں نے حکومت سے کہا کہ ملک کی بقاءاوراتحاد ویکجہتی کیلئے فوری طور پرتمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کی گول میز کانفرنس منعقد کی جائے اورملک کوخطرات سے نکالنے کودرپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں سے رائے لی جائے کہ اس انتہائی نازک صورتحال میں کیا کرنا چاہیے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اورارکان پارلیمنٹ سے کہا کہ وہ صدرآصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کریں اوران سے کہیں کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نوازشریف کو بھی ساتھ لیا جائے اورمیاں نوازشریف کی بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ملک میں اتحاد پیدا کرنے کیلئے اپنے سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کراس نازک وقت میں حکومت کا ساتھ دیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی وباء کینسر کی طرح پھیلتی جارہی ہے،ملک میں روزانہ خودکش حملے ہورہے ہیں،معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلی جارہی ہے اوراب وقت آگیا ہے کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ہی نہیں بلکہ پوری قوم دہشت گردی کی اس وباء کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح متحد ہوجائے کیونکہ عوام کی سپورٹ کے بغیر ملک کی فوج بھی کامیاب نہیں ہوتی،فوج اسی وقت کامیاب ہوتی ہے جب اسے پوری قوم کی مکمل اخلاقی وعملی حمایت حاصل ہو۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ دہشت گردی کے اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں،کارکنوں اورعوام کو بھی ساتھ ملایا جائے تاکہ سب ملکر دہشت گردی کے خاتمے کیلئے جدوجہد کریں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردوں سے نمٹنے کیلئے جہاں حکومت اورسیکوریٹی فورسزاقدامات کررہی ہیں وہیں پورے ملک کے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ بھی دہشت گردوں کے خلاف اپنے دفاع کیلئے خودحفاظتی تدابیراختیار کریں۔

## اسلام کے نام پر بے گناہ شہریوں کا خون بہانا کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین

## بھکر میں رکن قومی اسمبلی کے ڈیرے پر خودکش حملہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔6، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب کے علاقے بھکر میں مسلم لیگ نواز گروپ کے رکن قومی اسمبلی رشید اکبر خان نوانی کے ڈیرے میں خودکش حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام کے نام پر بے گناہ شہریوں کا خون بہانا کھلی دہشت گردی ہے اور جو عناصر اپنے گھناؤنے مقاصد کی تکمیل کیلئے ملک بھر میں بے گناہ شہریوں کا خون بہا رہے ہیں وہ انسانیت کے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس سے قبل صوبہ سرحد کے علاقے چارسدہ میں اے این پی کے سربراہ اسفندیار ولی کے حجرے پر خودکش حملہ اور مردان میں وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی کی رہائشگاہ پر راکٹ سے حملہ کیا جاچکا ہے اور آج بھکر میں رکن قومی اسمبلی کے ڈیرے پر خودکش حملہ کیا گیا ہے جو ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ بھکر میں خودکش حملہ کا نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملہ میں جان بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## میرپورخاص ڈسٹرکٹ کے حق پرست لیبر کونسلر محمد علی راجپوت کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔6/ اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے میرپورخاص ڈسٹرکٹ یوسی ڈگری کے حق پرست لیبر کونسلر محمد علی راجپوت کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد علی راجپوت مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ڈسٹرکٹ میرپورخاص یوسی ڈگری کے حق پرست لیبر کونسلر محمد علی راجپوت دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے

## حق پرست کونسلر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6/ اکتوبر 2008ء

ڈسٹرکٹ میرپورخاص یوسی ڈگری کے حق پرست لیبر کونسلر محمد علی راجپوت دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 45 سال تھی اور ان کے سوگواران میں والدین، بیوہ اور تین بھائی شامل ہیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست لیبر کونسلر محمد علی راجپوت کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے عیدالفطر کے موقع پر لیاری میں ایم کیوایم کے شہداء کے گھروں کا دورہ کیا

## لیاری کے مختلف علاقوں عوام سے ملاقات کی اور عید کی مبارکباد پیش کی

کراچی۔۔۔5/اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرڈاکٹر فاروق ستار نے عیدالفطر کے دوسرے اور تیسرے روز ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے شہید کارکنان کے گھروں کا دورہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت کی۔انہوں نے لیاری سیکٹر کے حق پرست شہداء کے لواحقین کو عیدالفطر کی دلی مبارکباد دی اور انہیں مٹھائی بھی پیش کی۔وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ہمراہ رہے اور انہوں نے شہداء کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعائیں بھی کیں۔بعدازاں ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے لیاری کے مختلف علاقوں میں حق پرست عوام سے ملاقاتیں کیں اور انہیں عید کی مبارکباد پیش کی۔دریں اثناء ڈاکٹر فاروق ستار نے سول ہسپتال کا دورہ کیا اور ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے زخمی کارکن نادرشاہ اور اسپتال میں زیرعلاج دیگر مریضوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیر اسپتال میں رہے اور انہوں نے مریضوں کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی محمد طاہر قریشی اور ایم کیوایم لیاری سیکٹر کمیٹی کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## حج کوٹہ کی دوسرے مرحلے میں کارکنان اور شہداء کے لواحقین کیلئے قرعہ اندازی کے ناموں کا اعلان کردیا گیا

## قرعہ اندازی میں ایم کیوایم کے کارکنان اور شہداء کے لواحقین شامل ہیں،فہرستیں نائن زیرو پر آویزاں

## رابطہ کمیٹی کی جانب سے خوش نصیب عازمین حج کو مبارکباد

کراچی۔۔۔5/اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ نے حق پرست ارکان پارلیمنٹ کے حج کوٹہ کی قرعہ اندازی کے دوسرے مرحلے میں ایم کیوایم کے خوش نصیب کارکنان اور شہداء کے لواحقین کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔یہ اعلان اتوار کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں ہونے والی قرعہ اندازی کی سادہ تقریب میں کیا گیا جس میں حج درخواستیں جمع کروانے والے متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان اور حق پرست شہداء کے لواحقین نے شرکت کی۔حج قرعہ اندازی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت اور شاہد لطیف کے علاوہ حق پرست ٹاؤن ناظمین اور کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان کی نگرانی میں کی گئی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی ارکان نے خوش نصیب عازمین حج کا اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔حج قرعہ اندازی میں نکلنے والے خوش نصیب افراد کے ناموں کی فہرست ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر آویزاں کردی گئی ہے۔واضح رہے کہ اس سے قبل کراچی اور حیدرآباد کے عوام کیلئے حج قرعہ اندازی ناموں کا اعلان پہلے ہی کیا جاچکا ہے۔

☆☆☆☆☆